رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۹۵

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۹۵

اِس اخبار میں بہترین طبّی مضامین اور نسخے درج ہیں شروع سے لیکر آخر تک ملاحظہ فرمائیے

نور

یَهْدِی اللّٰهُ لِنُورِهٖ مَنْ یَّشَاءُ

ہر ماہ کی ۳ / ۱۷ کو شائع ہوتا ہے

ایڈیٹر شیخ محمد یوسف

مستقل مقاصد

(۱) اسلام کی خوبیوں اور برکات کا ذکر کرنا اور دیگر مذاہب پر اس کی فضیلت ظاہر کرنا۔ (۲) غیر مذاہب میں تبلیغ اسلام کے اہم فرض کو ادا کرنا (۳) دیگر مذاہب کے حملوں کا متانت کے ساتھ کامل و صحیح جواب دینا

مستقل ضوابط

چندہ سالانہ عوام سے ۳ؔ/

ششماہی ” ۱؍۲ عہ

سالانہ سرپرستوں سے ۵؍ ... ۷

جلد ... | اخبار نور قادیان مورخہ ۱۷ جون ۱۹۳۷ء مطابق ۷ ربیع الثانی ۱۳۵۶ھ | نمبر ۲۰

13. Maula Bux 4548
Sub post master
P.O. Kot Radha Kishen
Distt Lahore

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دُنیا میں کیا ہو رہا ہے؟

ٹوکیو - جنرل ہیاشی کے کابینہ نے استعفےٰ داخل کر دیا ہے - جنرل ہیاشی کے جدید انتخابات پارلیمنٹ میں زبردست اکثریت حاصل ہوئی تھی -

قاہرہ حکومت مصر نے فوجی تنظیم کے پیش نظر توپ خانہ سکول - اور انجنیر سکول قائم کرنے کا اعلان کیا ہے - اور یہ کہ بیرونی اسلحہ کی درآمد کو کم کرنے کے لیے ایک اسلحہ ساز فیکٹری کھولی جائے

پیرس - وزیر اعظم فرانس نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ شام میں ترکی کے خلاف جو پراپیگنڈا ہو رہا ہے - اس سے حکومت فرانس کا کوئی تعلق نہیں - فرانس ترکی سے سیاسی فوجی اور اقتصادی اتحاد قائم کرنے کا متمنی ہے - اسکندرونہ کے معاملہ کو جمعیۃ اقوام کے فیصلہ کے بعد اس قدر طوالت دینی سیاسی معاہدے کے منافی ہے - حکومت فرانس اس سلسلہ میں اپنے سفیر کے ذریعہ حکومت ترکیہ سے گفتگوئے مصالحت کر رہی ہے

لاہور حکومت پنجاب کے محکمہ حفظان صحت کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں آجکل چیچک اور ہیضہ کا زور ہے - اور دونوں بیماریوں کی وجہ سے حال ہی میں درجنوں اشخاص ہلاک ہو چکے ہیں - یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ایک ہی ہفتہ میں پنجاب کے مختلف علاقوں میں ۱۱۶ آدمی چیچک کا شکار ہوئے اور ۴۸ ہلاک ہو گئے

سانتا کلورا (کیلیفورنیا) - ایک مقامی باشندہ مسٹر جوکن وائن عمر ۲۷ سال سے ایک ایسے مرض میں مبتلا ہے جس سے ان کا قد اور وزن دن بدن کم ہو رہا ہے - سات سال کا عرصہ ہوا وہ موٹر کے حادثے میں زخمی ہو گیا تھا - حادثے سے پیشتر اس کا قد ۵ فٹ ۴ - انچ تھا - اب اس کا قد ۴ فٹ ۱۰ انچ رہ گیا ہے اور وزن ۲۵ پونڈ کم ہو گیا ہے -

بمبئی - ڈاکٹر امبیدکار نے ۱۵۰۰ کے ایک مجمع میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میری جمعیت ہرگز کانگرس میں شامل نہ ہو گی لیکن اس کے ساتھ وہ کانگرس کی مخالفت بھی نہیں کریں گے -

حکومت بہار نے بعض ڈویژنوں میں اردو زبان کو وسیع پیمانہ پر استعمال کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں - کانگرسی لیڈر بابو راجندر پرشاد نے اس کے متعلق ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ اس صلح سے ایک طرح کا انقلاب پیدا ہو جائیگا مسٹر محمد یونس وزیر اعظم بہار جب بھاگلپور پہنچے تو مقامی بار روم (دکرہ وکلاء) میں انھوں نے سرکردہ وکیلوں کے ساتھ تبادلہ خیالات کیا اور کہا کہ اگر درخواست اُردو میں داخل کی جائے گی تو نقل ہندی زبان میں مانگی جائیگی تو مطالبہ پر ہندی نقل مہیا کی جائے گی -

حکومت پنجاب نے فیصلہ کیا ہے - کہ دسمبر ۳۷ء سے لے کر ۲ ۱ جنوری ۳۸ء تک منٹو پارک لاہور میں فنون لطیفہ مصنوعات کی ایک نمائش منعقد کی جائے - حکومت یہ نمائش الوان تجارت کی ذریعات پر منعقد کر رہی ہے - نمائش میں تفریحی کھیلیں وغیرہ کا انتظام بھی کیا جائے گا -

انگورہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ سویٹ روس ایشیائی کانفرنس میں شامل ہونے پر آمادہ ہو گیا ہے - چنانچہ تجارتی معاہدہ کے لئے روس نے ترکی حکومت سے ساتھ خط و کتابت بھی شروع کر دی ہے - معاہدہ کی بڑی شرط یہ ہوگی کہ ترکی اور روس بھی ریلیں فریقین استعمال کر سکیں گے نیز نہروں کو بعض شرائط کے ماتحت آبپاشی کے لئے استعمال میں لایا جا سکے گا -

ملک شام کے تمام محکموں اور سرکاری اداروں کے نام ایک سرکلر جاری کیا گیا ہے جس میں حکم دیا گیا ہے کہ وہ تمام سڑکوں کے ترکی نام عربی ناموں سے بدل دیں - نیز آئندہ کسی سڑک کا ترکی نام تجویز نہ کیا جائے -

غازی عصمت پاشا وزیر اعظم ترکی نے حال میں اٹلی اور یوگوسلافیہ کا جو سفر کیا تھا - وہ سرکاری حیثیت میں تھا - تمام بلقانی ریاستوں نے اس سفر کو پسند کیا - اور کمال پاشا اور ان کے رفقائے کار کی بہت تعریف کی - عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ اگر وسطی اور مشرقی یورپ ٹرکی کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم رکھیں گے تو ٹرکی امن و عافیت کا ضامن ہو سکتا ہے - بلقانی اخبارات کا بیان ہے کہ اتاترک اور ان کے رفقائے کار میں یہ استعداد موجود ہے کہ وہ تمام اقوام کی دوستی حاصل کر لیں - غازی عصمت پاشا کے سفر کا مقصد عام طور سے یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اٹلی اور یوگوسلافیہ کے مناقشات رفع کر دیئے جائیں - تاکہ موخر الذکر اطمینان سے معاہدہ دول بلقان میں شریک رہے - اور ریاستہائے بلقان کی فلاح کا باعث بنے -

مسٹر اے لطیفی - آئی - سی - ایس فنانشل کمشنر پنجاب اپنے عہدہ جلیلہ سے سبکدوش ہونے والے ہیں - چنانچہ وہ ماہ اگست کے آخر میں رخصت پر چلے جائیں گے - ان کی جگہ مسٹر پی - ایچ ڈالبن مقرر کئے جائیں گے - جو پہلے بھی اس عہدہ جلیلہ کے فرائض بطور قائم مقام فنانشل کمشنر ادا کر چکے ہیں -

ضروری گزارش

جن دوستوں کے پاس ایک سے زیادہ پرچے پہنچیں براہ کرم وہ فالتو پرچے اپنے دوستوں میں تقسیم فرما دیں - تا کہ آپ کے دوست بھی اس سُنہری موقعہ سے مستفیض ہو سکیں -

شیخوپورہ میں ایک ۸ سالہ لڑکے کو ایک موٹر لاری نے زمین پر گرا دیا اور اوپر سے گزر گئی لوگوں کا خیال تھا کہ لاری گزرنے پر لڑکے کی نعش یا گوشت کے ٹکڑے اٹھائیں گے - مگر وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ لڑکا بالکل صحیح و سلامت ہے اور اس کے جسم کی حالت اچھی ہے - اور صرف معمولی خراشیں آئی ہیں - لڑکا موٹر کے پہیوں کے درمیان گرا اور بچ گیا -

بلگریڈ البانیہ اور یوگوسلاویہ کی سرحد سے آمدہ ایک اطلاع مظہر ہے - کہ ایک مشہور البانوی سردار نے ایک پولیس افسر کو گولی سے ہلاک کر دیا جو اول الذکر کی بیوی کو بے پردہ کرنا چاہتا تھا - جس کی تفصیل اسطرح پر ہے کہ البانیہ کے مسلمانوں کی ہائی کونسل کے فیصلہ کے مطابق حکومت نے برقع پوشی کے خلاف امتناعی احکام جاری کئے تھے - اور ان احکام کے نفاذ کے لئے پولیس حکام کو بھیجا تھا - بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مشہور البانوی سردار نے اپنی بیوی کو برقع اُتارنے کی اجازت نہ دی - اور جس وقت وہ دونوں موضع پشاکوپچا سے رخصت ہو رہے تھے تو ایک پولیس افسر نے اس کی بیوی کو برقع اُتارنے کا حکم دیا - مگر عورت نے انکار کر دیا - اس پر پولیس افسر عورت کا برقع چاک کرنے کے لیے آگے بڑھا تو کہا جاتا ہے کہ سردار موصوف نے پولیس افسر کو گولی سے ڈھیر کر دیا - سردار اور اس کی بیوی اسوقت دونوں حراست میں ہیں - جنوبی اور وسطی البانیہ سے جہاں مسلمانوں کی کثرت ہے - اس قسم کے کئی حادثات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں - بعض لوگوں نے جو اپنی بیویوں کو کھلے منہ بازاروں میں پھرانا نہیں چاہتے انھیں یوگوسلاویہ کی سرحد میں بھیجد یا ہے -

ٹرکی میں تعلیم عام لازمی اور مفت ہے، تعلیم کا سالانہ تقریباً ۱۰ کروڑ روپیہ خرچ ہے اور ہر گاؤں میں ایک مدرسہ ہے -

عربی اخبار الدفاع کی اطلاع ہے کہ حکومت برطانیہ نے مالٹا میں ایک براڈ کاسٹ ریڈیو اسٹیشن قائم کرنے کی تجویز منظور کر لی ہے جس کو عنقریب عملی جامہ پہنا دیا جائیگا - یہ اسٹیشن عربی ممالک کے لئے مخصوص ہوگا - اور اس کے ذریعہ عربی زبان میں پروپیگنڈا کیا جائے گا -

حکومت عراق نے اعلان کیا ہے کہ تمام سرکاری ملازمین جو شادی کرنا چاہتے ہوں وہ چھ ماہ کی تنخواہ پیشگی لے سکتے ہیں، قرضہ بہت کم اقساط میں رفتہ رفتہ وصول کیا جائیگا -

بچے کی قبض کا علاج

حالت قبض میں بچے کو پاخانہ معمول سے کم آتا ہے - اکثر حالتوں میں سفید یا زرد رنگ کے دست آتے ہیں - پاخانہ میں بو زیادہ ہوتی ہے پاؤں سرد اور ہاتھ گرم معلوم ہوتے ہیں - بعض حالتوں میں دونوں رخسارے سرخ ہو جاتے ہیں - اس وقت اگر بچہ کی پرورش مصنوعی غذا سے کی ہوتی ہے تو اس کے ہمراہ مار الکلس یعنی چونے کا پانی دینا چاہیئے یعنی چھ حصہ دودھ میں ایک حصہ پانی ہووے - الائچی خورد - مرچ سیاہ - فلفل دراز مساوی الوزن پیس کر رکھیں اور ایک ماہ کے لڑکے کو ۲ رتی اس سے بڑے بچے کو (۹ ماہ تک) ۳ رتی دودھ میں گھول کر صبح و شام پلا دینی چاہیئے اگر بچے کو زرد رنگ کا خشک پاخانہ آتا ہو تو نصف ماشہ گُلقند مصفی کھلا کر اوپر سے گرم گرم دودھ پلا دیں اس سے بھی خشکی اور قبض دور ہو جاتی ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گھر کی معمولی چیزوں سے سب امراض کا علاج

بعض اشیاء تو ہر گھر میں ہر وقت مل سکتی ہیں۔ مثلاً مرچ۔ نمک ہلدی پیاز۔ ہینگ۔ گوبر۔ پھٹکڑی۔ صابن۔ لہسن۔ زیرہ۔ دھنیا۔ گڑ۔ شکر۔ کھانڈ۔ پانی۔ دودھ۔ مکھن۔ ملائی۔ دہی۔ کوڑی۔ پیسہ۔ پھٹکڑی سہاگہ۔ مٹی کا تیل وغیرہ اشیاء غریب گھروں میں بھی دستیاب ہو جاتی ہیں۔ اگر ہم کو صحیح استعمال معلوم ہو تو بہت سے امراض کا کیا تقریباً کل امراض کا انہی چیزوں کے ذریعہ مکمل علاج ہو سکتا ہے ۔۔

"ہینگ لگے نہ پھٹکڑی رنگ گوڑھے کا گوڑھا"

نمک

کوہی بھنے۔ نمک اگرچہ کئی قسم کا ہے۔ اور کھانے کا نمک بھی مختلف جگہوں میں مختلف ہے۔ جیسا کہ سمندر کے کنارے والے تمام حصوں میں سمندری نمک ہے۔ اور سانبھر کے نزدیک راجپوتانہ میں سانبھر نمک ہے۔ مگر پنجاب میں عام طور پر سیندھا نمک یا لاہوری نمک کا استعمال ہے۔ اور ہم اسی کا بیان کر رہے ہیں۔

نمک عام طور پر کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے اور اسی واسطے کھانے کے ساتھ ہر ملک میں اس کا رواج ہے۔ بعض ڈاکٹر ایسے بھی ہیں جو کہ یہ کہتے ہیں کہ نمک خوراک کی چیز نہیں ہے یہ تو زمین یا سمندر کا میل ہے۔ اس کو کیوں کھایا جاوے۔ خواہ مخواہ انسان نے اس کی عادت ڈال لی ہے۔ امریکہ کے مشہور ڈاکٹر کیلاگ تو اس کے سخت مخالف ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ نمک انسانی غذا میں ہمیشہ شامل رہا ہے۔ اور تھوڑی مقدار میں اس کا ہونا مفید ہی ہے۔ مگر میں تو بطور غذا ذکر ہی نہیں کر رہا۔ میں تو یہ لکھنا چاہتا ہوں کہ یہ معمولی چیز جو ہر وقت گھر میں موجود رہتی ہے بیشمار فوائد رکھتی ہے۔ صرف ہم کو جاننا چاہیئے اور وقت پر استعمال کرنا چاہیئے۔ نیچے کچھ فوائد لکھے جاتے ہیں :۔

(۱) نمک ایک چٹکی صاف پانی میں غرارے کرنے سے گلے کو صاف کرتا ہے۔ آواز کو اچھا کرتا ہے۔ اور گلے کی وجہ سے جو زکام وغیرہ ہو اس کو دور کرتا ہے۔ (۲) نمک کے پانی کو ناک میں چڑھا کر حلق سے باہر نکالتے جاویں۔ تو اس سے زکام و نزلہ کو فائدہ ہوتا ہے (۳) سیندھا نمک کی چھوٹی سی صاف ڈلی مقعد میں رکھی جاوے تو پاخانہ کھل کر آ جاتا ہے۔ اسوقت اگر ایک گلاس گرم پانی میں نمک ڈال کر پی لیا جاوے تو بہت مدد ملتی ہے۔ (۴) نمک کی ڈلی چاقو سے چھیل کر سلائی کی نکلی بنالیویں اور آنکھوں میں اس کو پھیریں تو آنکھوں کے دھندو جالا کو بہت نفع ہوتا ہے۔ کئی اعلیٰ سرمے ہیں۔ جن میں نمک شامل ہوتا ہے۔

اگر صرف نمک کے ساتھ دگنی کوزے کی مصری پیس کر باریک سرمے کی طرح بنا کر شیشی میں رکھ لیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں تو اس سے کئی امراض دھند۔ جالا۔ سرخی کو فائدہ ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ موتیا بند اگر شروع ہو تو وہ بھی بند ہو جاتا ہے اگر شہد میں ملا کر لگا دیں تو نئے پھوڑے کو بھی مفید ہے۔

(۵) نمک جتنا چاہیں لے کر دودھ آک میں ایک دن کھرل کرکے گولا بنا کر آک کے پتوں کے درمیان لپیٹ کر ایک کوزہ گلی میں رکھ کر ۱۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیدیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔ یہ کھانسی و دمہ کی اکسیر دوائی ہے ۲ رتی شہد کے ساتھ صبح و شام چٹانا چاہیئے۔

اگر دوائی ایسی تیار نہ ہو تو صرف نمک ہی اس ڈھنگ سے کھایا جاتا ہے کہ رات کو سوتے وقت ۲ ماشہ نمک شہد میں ملا کر چاٹ لیں۔ اوپر سے رات بھر پانی نہ پیویں۔ اگر زیادہ ہی پیاس ہو تو تھوڑا سا نیم گرم پانی پیا جا سکتا ہے۔ مقدار ہر روز ½ ماشہ بڑھانی چاہیئے ۔ حتیٰ کہ ۶ ماشہ ہو جاوے۔ پھر آرام آنے تک چھ ماشہ روز کھانا چاہیئے (۶) اگر کوئی زہریلا ڈنک ہو تو نمک پانی میں پیس کر اس پر لگانا چاہیئے۔ اگر ۹ ماشہ نمک گائے کے گھی سے کھلا دیا جائے تو تیز زہر کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔ سانپ کے ڈسے پر بھی جب کوئی دوسری چیز موجود نہ ہو تو فوراً اسے دینا چاہیئے۔ (۷) سیندھا نمک پانی میں گھول کر اس پانی سے نسوار لینے سے ہچکی بند ہوتی ہے (۸) قے کے واسطے نمک گھی میں ملا کر آہستہ آہستہ چٹانا چاہیئے (۹) منجن کے واسطے نمک بہت اعلیٰ چیز ہے دانت مسوڑے سب صاف ہوتے ہیں صرف نمک و کافور ملا کر منجن کے واسطے رکھنا عجیب چیز ہے نمک سرسوں کے تیل کے ساتھ ملا کر ملیں تو دانتوں کو مضبوط کرنے اور بادی کو مٹانے میں بہت اچھی دوا ہے (۱۰) سنگترے کھا کر چھلکے پھینک دیئے جاتے ہیں ان کو سکھا لیں۔ اور پیس کر تھوڑا نمک ملا کر رکھیں۔ چہرے پر ملنے سے چہرہ صاف ہوگا

(۱۱) پانی کو آنچ پر رکھ کر ایک مٹھی نمک ڈال دیں۔ اس پانی سے نہانے سے جسم کی دردوں کو فائدہ ہوگا (۱۲) نمک کو ذرا سے پانی میں گھول کر ناک میں ڈالنے سے سر درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔ ایک طرف درد ہو تو مخالف نتھنے میں ڈالیں (۱۳) بچوں کے پیٹ میں درد ہو یا اپھارہ ہو یا قبض ہو تو گھی میں نمک ملا کر پیٹ پر ملیں (۱۴) نمک پانی میں گھول کر اگر کان میں ڈالیں تو بچھو کے ڈنک کو آرام ہوتا ہے۔ مخالف ڈالنا چاہیئے ۔ (۱۵) جس کو مرگی کا دورہ زیادہ پڑتا ہے نمک کا ڈلا ہاتھ میں

بجائے پانچ روپے کے ایک روپیہ ایک روپیہ بجائے پانچ روپے کے

روحانی تحائف

قرآن مجید کا گورمکھی ترجمہ سائز $\frac{20\times26}{8}$ صفحات قریباً آٹھ سو، کاغذ اچھا ٹائپ بڑھیا۔ جلد سنہری۔ گھر کی لاگت قریباً پانچ روپے مگر تبلیغ کی خاطر صرف ایک روپیہ محصول ڈاک ۱۳ر علاوہ **قرآن شریف کا ہندی ترجمہ** سائز $\frac{20\times26}{8}$ صفحات قریباً آٹھ سو، کاغذ عمدہ۔ ٹائپ اعلیٰ۔ جلد سنہری۔ گھر کی لاگت ساڑھے پانچ روپے۔ مگر تبلیغ کی خاطر صرف ایک روپیہ چار آنے۔ محصول ڈاک تیرہ آنے علاوہ **پوتر جیون** (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی گورمکھی سیرت) سائز $\frac{20\times30}{16}$ صفحات قریباً چھ سو، کاغذ عمدہ۔ چھپوائی بڑھیا۔ جلد سنہری۔ گھر کی لاگت ایک روپیہ چار آنے مگر تبلیغ کی خاطر صرف چھ آنے، محصول ڈاک ۵ر علاوہ۔ ایک دوست نے اس غرض کے لئے کچھ رقم عطا فرمائی ہے۔ اسوجہ سے یہ غیر معمولی رعایت دیجا رہی ہے اس رعایتی قیمت پر ہر ایک کتاب کی صرف بیس بیس کاپیاں ہی دی جائیں گی جن کی درخواستیں پہلے آئیں گی انہیں ترجیح رہے گی۔ یہ تینوں کتابیں اکٹھی منگوانے میں محصول ڈاک میں بھی خاص رعایت رہے گی۔ ان کتب کی پانچ پانچ کاپیاں خواہشمند غریب سکھوں اور ہندوؤں کو صرف محصول ڈاک پر بھی دی جائیں گی۔ محصول ڈاک اگر ٹکٹوں کی صورت میں بھیجا جائے تو کفایت رہیگی ہر ایک کتاب کا محصول ڈاک اسی نوٹ میں اوپر درج ہے

ملنے کا پتہ :۔ مینجر اخبار نور۔ نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

کوڑی بطور دوا

کوڑی بہت ہی عام چیز ہے اس کو ویدک میں کپردکا۔ اور یونانی میں خرمہرہ کہتے ہیں۔ پرانے ہر ایک گھر میں ہر وقت مل سکتی ہے۔ اگرچہ آجکل کے بابوؤں کے گھروں میں شاید نہ ملے۔ تاہم ابھی تک میں اس کو گھر میں ملنے والی عام چیز ہی سمجھتا ہوں اور اسی واسطے آج اس کا ذکر کرتا ہوں۔

کوڑی سمندر کی پیداوار ہے۔ اور یہ بہت قسم کی ہوتی ہے اور سمندر کے کنارے بسنے والے لوگوں کے پاس چھوٹی بڑی کئی اقسام ملتی ہیں۔ مگر ہمارے ہاں عام طور پر دو قسم کی ملتی ہیں ایک وہ جس کی لرپشت نیلاہٹ لئے سفید ہوتی ہے۔ دوسری وہ جس کی لرپشت زرد ہوتی ہے۔ ادویات میں کوڑی زرد زیادہ مفید مانی گئی ہے، نہ ملے تو دوسری کوڑی ہی کام دیتی ہے۔ اکثر اس کا استعمال جلا کر ہوتا ہے۔ مٹی وغیرہ سے صاف کر کے کوئلوں میں ڈال دیں۔ جب سُرخ ہو جاوے تو نکال لیں، یہ چونے کی طرح ہو جاویگی۔ جہاں کوڑی سوختہ لکھا ہو اسی کو استعمال کرنا چاہیئے۔ اکثر بیرونی استعمال میں بھی کوڑی سوختہ استعمال کی جاتی ہے۔ مگر جب اندرونی استعمال کرنا ہو تو اس کی بجائے

کشتہ کوڑی

بہتر ہوتا ہے۔ کشتہ کوڑی بھی سوختہ ہی ہے۔ صرف فرق آتا ہے کہ ساتھ کسی بوٹی کا استعمال ہو کر اس کے فوائد بڑھ جاتے ہیں کوڑی کو ایک دن کانجی میں بھگو دیں مدبر ہو جاتی ہے۔ یا دودھ گاؤ میں چار دن بھگو دیں۔ پرانا دودھ بدل دیا کریں)۔ چوتھے دن نکال کر سرکہ سے دھو لیں مدبر ہوگی۔ اس سے بھی بہتر مدبر کرنی ہو تو ایک کھٹالی میں رکھیں۔ اور آنچ پر رکھ کر گرم کریں۔ سُرخ ہونے پائے۔ اس پر چوتہ آب لیمو۔ یا آب ادرک یا شراب کا باری باری تینوں کا دو گھنٹہ دیں۔ عمدہ مدبر ہوگی۔ فوائد بڑھ جاویں گے۔ اب کشتہ کرنے کے واسطے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر رس لیموں یا آب ادرک ڈال دویں اور بند کر کے آٹھ دس سیر اوپلوں کی آنچ میں کشتہ کر لیں، دوسری ترکیب یہ ہے کہ کسی پیالہ میں نیچے برگ بھانگ آدھ پاؤ پیس کر بچھا دویں اوپر کوڑیاں ۵ تولہ رکھیں اور اوپر برگ بھانگ آدھ پاؤ بچھا دویں پھر پیالہ کو سر پوش سے یا دوسرے پیالہ سے بند کر کے دس پندرہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اور پھر نکال کر پیس کر رکھ لیں۔

اب اس کے فوائد سُنیئے

کوڑی میں بڑی خوبی یہ ہے کہ زخم کو بھرتی ہے اور خاص طور پر بُرے زخموں کو بڑا جلدی بھر لاتی ہے۔

(۱) آتشک کے زخم پر لگانے کے واسطے سپاری سوختہ و کھتہ ملا کر زخم پر چھڑکنا چاہیئے۔ یا مکھن میں ملا کر لگا دیں۔ یہی سفوف سوراخ تا دیں دینے سے سوراخ بھرتا ہے۔ (۲) جب زخم اندر ہوتا ہے۔ تب کشتہ کوڑی زرد کو ۴ رتی سے ایک ماشہ تک مکھن یا ملائی میں کھلانا چاہیئے۔ اس سے قرحہ کو آرام ہوتا ہے مکھن کی بجائے دہی کے پنیر یا چھاچھ سے بھی دیتے ہیں۔ اگر دونوں چیزیں پانی میں ملا کر پچکاری بھی کریں تو قرحہ کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے (۳) اسی طرح مسوڑھوں سے جب خون آتا ہو تو یہی دونوں اشیاء دانتوں پر بطور منجن استعمال کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ اور اگر اس منجن میں ذرا سی افیون بھی ڈالدیں تو بہت مفید ہے (۴) آتشک میں کھانے سے بھی زخم کو فائدہ ہوتا ہے۔ کشتہ کوڑی زرد سفوف پوست ہلیلہ کے ساتھ برابر ملا کر ایک ماشہ ہر روز پانی کے ساتھ کھلایا کریں (۵) **نوبتی بخار**۔ کشتہ کوڑی زرد ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲ دو تولہ پیس کر رکھیں۔ بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے ۲ منقوق دو دو رتی لپیٹ کر تھوڑے وقفہ سے کھلا دیں (۶) **داد**۔ کوڑی زرد سوختہ ۲ تولہ۔ سوہاگہ ادھ کھنا ایک تولہ پیس کر رکھیں۔ کاغذی لیموں کے رس میں گھول کر داد پر پتلا لیپ کریں بہت مفید ہے (۷) ناروا کے واسطے ایک کتاب میں پڑھا کہ زرد کوڑی سوختہ ۳ ماشہ دہی کے ساتھ کھلا دیں (۸) مہاسے پھلبہری کے واسطے کوڑی سوختہ لیموں کے رس میں ڈال کر لیپ کیا کریں (۹) ورم طحال (تلی) کے واسطے بھی کوڑی مفید ہے ایک ماشہ ہر روز سکنجبین سے کھلانی چاہیئے۔ (۱۰) احتلام جریان نیز عورتوں کے سیلان الرحم کے واسطے کشتہ کوڑی زرد ایک ماشہ ہر روز مکھن کے ساتھ کھلا دیں، کھانے کو گیہوں کی روٹی گھی کے ساتھ رکھیں تو بہت جلد آرام ہو جاوے گا (۱۱) اسہال سنگرہنی۔ کشتہ کوڑی زرد تین ماشہ تک شہد میں ملا کر چٹانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

گلو کے فوائد

جریان:۔ سبز گلو کے ۳ تولہ رس کو مصری میں ملا کر پینے سے ایک ہفتہ میں ہر قسم کا جریان رفع ہو جاتا ہے۔

کمزوری ہاضمہ۔ خشک گلو اور سونٹھ مساوی الوزن لے کر سفوف تیار کر لیں اور اس میں سے بقدر ۳ ماشہ روزانہ نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے ہاضمہ کی کمزوری رفع ہو جاتی ہے۔ **پُرانے بخار کے لئے**۔ گلو سبز ۲ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱۱ ماشہ۔ نمک خوردنی ۲ ماشہ۔ تینوں چیزوں کو کسی مٹی کے سکورہ میں ڈیڑھ پاؤ پختہ پانی ڈال کر بھگو دیں۔ اور اس سکورہ کو دن بھر سورج کی گرمی میں پڑا رہنے دیں۔ رات کو اُس میں پڑا رہے۔ صبح بطور سردائی گھوٹ کر چھان لیں اور مریض کو پلائیں۔ ایک ہفتہ کے عمل سے پُرانے سے پُرانا بخار دور ہو جاتا ہے۔

سُوزاک:۔ ست گلو ۴ رتی ہمراہ گلو کے رس کے دو بار دن میں لینے سے ایک ہفتہ میں آرام آ جاتا ہے۔

ذیابطیس۔ پیشاب میں شکر آنے پر گلو نصف چھٹانک کچل کر اس میں نصف پاؤ پانی ملا کر رس نچوڑ لیں۔ کشتہ موتی سیپ ایک رتی۔ فولاد ایک رتی شلاجیت ۲ رتی کے ہمراہ وہ رس دن میں دو بار استعمال کریں۔ دو ہفتہ کے اندر پیٹ۔ جگر۔ گردے۔ مثانہ سب باقاعدہ کام کرنے لگ جائیں گے۔ اور پیشاب کی تکلیف رفع ہو جائیگی۔

دماغی امراض۔ مثلاً مرگی۔ خفقان۔ وہم۔ کمی یادداشت وغیرہ میں سبز گلو ایک تولہ۔ برہمی خشک ایک ماشہ ٹھنڈائی کی طرح گھوٹیں۔ اور نصف پاؤ پانی ملا کر چھان لیویں۔ اس میں تازہ گائے کا دودھ ملا کر یا الگ استعمال کریں چند دن کے استعمال سے خاطر خواہ مفید نتیجہ برآمد ہوگا۔

پریشانی طبیعت۔ بعض اصحاب کے جسمانی نقائص سے دماغی و دلی پریشانی بڑھ جاتی ہے۔ ایسے اصحاب سکونت قلب کے لئے گلو کا شیرا لیں۔ ہری گلو کی ڈنڈی ڈیڑھ تولہ لے کر تازہ پانی ملا کر گھوٹ چھان کر استعمال کرنی چاہیئے۔ تندرست آدمی اگر اسے ایک تولہ روزانہ استعمال کرتا رہے۔ تو ہر قسم کے امراض سے محفوظ رہتا ہے

شدّت قے۔ سبز گلو ۲ تولہ۔ پاؤ پختہ پانی میں جوش دیکر نصف رہنے پر خوب مل کر چھان لیں۔ اور ٹھنڈا کر کے اس میں شہد ملا کر ایسے مریض کو پلائیں جسے شدت سے قے آتی ہو۔ اس کے چند بار کے استعمال سے قے کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ **ناسُور**:۔ گلو کا رس ایک سیر۔ ہلدی ایک پاؤ۔ روغن سرسوں ایک پاؤ۔ سب کو یکجا ملا کر پکا لیں اور جب صرف تیل رہ جائے تو اس کو چھان کر محفوظ رکھیں۔ یہ تیل ناسُور پر لگانے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سے ناسور رفع ہو جاتا ہے۔

عورتوں کا مرض جریان الرحم:۔ سبز گلو بقدر ۲ تولہ کچل کر نصف پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر اس میں قدرے شہد ملا کر استعمال کرائیں۔ اس کے استعمال سے عورتوں کا مرض جریان الرحم رفع ہو جاتا ہے۔

پاؤں کی جلن۔ سبز گلو کے پتے اور مغز تخم ارنڈ دونوں کو خوب گھوٹ کر پاؤں کے تلووں پر لیپ کرنے سے تلووں کی جلن دور ہو جاتی ہے۔

گاجر کے فوائد

یہ ایک ایسی عام اور مشہور چیز ہے کہ ہندوستان میں شاید ہی کوئی ایسا مقام ہو جہاں اس کی کاشت نہ کی جاتی ہو۔ اور کوئی جگہ شاذ و نادر ہی ایسی ہوں جہاں کے باشندے اس سے ناواقف ہوں۔ دیہات کے لوگ تو گاجر کا استعمال موسم سرما میں نہایت کثرت اور مختلف طریقوں سے کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ اُن کے لئے ارزاں ترین مقوی غذا ہے۔ گو وہ اس کے کثیر التعداد حقیقی فوائد سے آگاہ نہ ہوں۔ مگر ان میں تو آنا تو ہر شخص جانتا ہے کہ گاجر مفرح ہے۔ خون پیدا کرتی ہے اور ہاضم ہے مگر مہذب۔ اور تعلیم یافتہ طبقہ اس کو عموماً گنواروں اور گھوڑوں ہی کی غذا خیال کرتا ہے۔ اور بخیال خویش وہ اس کو انسانی غذا میں شامل کرنا پسند نہیں کرتا۔

گاجر کے فوائد از روئے طب قدیم:۔ مزاج۔ اطبائے قدیم نے اس کو گرم تر لکھا ہے۔ فوائد۔ ملطف ہے۔ جگر کے سدوں کو کھولتی ہے۔ مقوی معدہ اور ملین ہے۔ باہ اور مادہ تولید کو زیادہ کرتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ کھانسی کے لئے فائدہ مند ہے۔ سینہ اور جگر کے درد کو زائل کرتی ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرتی ہے۔

گاجر کے جدید تحقیقی فوائد۔ خون صاف کرتی ہے۔ اور اعضاء کے لئے مفید ہے۔ دمہ اور سل وغیرہ کو فائدہ دیتی ہے جسم کی رنگت کو خوشنما بناتی ہے۔ گردوں پر نہایت مفید اثر کرتی ہے اور رحم کو بڑھاتی ہے۔ طب قدیم کے بیان کردہ گاجر کے فوائد اور جدید تحقیق کے تجربہ کئے ہوئے منافع قریب قریب یکساں ہیں۔

فولاد۔ جسم انسانی کے لئے فولاد بہت ضروری چیز ہے۔ اس کی کمی سے خون کی پیدائش بہت کم ہو جاتی ہے۔ گاجر میں فولاد کافی مقدار میں ہے۔ اسلئے کمی خون کے مریضوں کو نہایت مفید ہے۔

چونہ اور فاسفورس بھی گاجر میں کافی مقدار میں موجود ہے۔ اس لئے گاجر ہڈیوں اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ چنانچہ مشاہدہ اور تجربہ سے یہ معلوم ہو کہ روزانہ چونے کے جس قدر اجزاء خارج ہوتے ہیں۔ اُن کا بدل ایسی غذا سے حاصل ہو سکتا ہے کہ جسمیں گاجر زیادہ شامل کی گئی ہو۔ نشاستہ بھی گاجر میں قدرے پایا جاتا ہے۔ شکر بھی گاجر میں ہوتی ہے۔

گاجر کے استعمال کے طریقے۔ کھانے کے لئے تر و تازہ نرم و نازک۔ چھوٹی اور گہرے رنگ کی گاجریں پسند کرنی چاہئیں پکانے کے لئے بڑی گاجریں لیں۔ اور ان کو نرم آنچ پر اتنے پانی میں پکائیں کہ پکتے پکتے پانی اُن میں جذب ہو جائے۔ کیونکہ تیز آنچ پر پکانے سے اس کے بہت قیمتی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ کچی گاجر کھانا بہت فائدہ مند خصوصاً مسوڑھوں اور دانتوں کے لئے ان کا چوسنا مفید ہے

ہماری ترقی کا راز!

ذرا سا شبہ ہونے پر دو ہزار روپے کا
سرمہ فی الفور تلف کیا گیا

بعض لوگ حیران ہیں کہ ہمارا کارخانہ اس قدر جلد جلد کیسے ترقی کر رہا ہے۔ سو ایسے دوستوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ ہماری ترقی کا راز یہ ہے کہ بہتر سے بہتر چیز پبلک کو دو۔ اور ہم ذرا سا شبہ ہونے پر بھی پبلک کو خراب چیز نہیں دینا چاہتے اور اس کے بالمقابل اپنا زیادہ سے زیادہ نقصان بخوشی برداشت کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ اسی تولہ سرمہ تیار کیا گیا۔ آندھیوں کے دن تھے ہمیں شبہ ہوا کہ کسی وجہ سے اس میں کچھ گرد پڑ گئی ہے۔ چنانچہ تیار کرنے کے بعد حسب دستور سب سے پہلے ہم نے خود استعمال کیا۔ اور معلوم ہوا کہ اس میں واقعی گرد کا کچھ اثر ہے۔ لہذا یہ اسی تولہ سرمہ دو روز قبل دیواروں پر اشتہار چسپاں کرنے کے بعد ۹ جولائی ۱۹۲۸ء کو بوقت ۵ بجے شام پبلک کے سامنے تلف کیا گیا۔ اس سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کارخانہ کس احتیاط سے اپنی ادویات تیار کرتا ہے اور پبلک کو اچھی اور کھری چیز مہیا کرنے کے واسطے اپنے بڑے سے بڑے نقصان کو بھی خاطر میں نہیں لاتا۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ہندوستان میں شاید ہی کسی دواخانہ میں ایسی احتیاط اور دیانت کو مدنظر رکھا جاتا ہو۔

ذرا سا شبہ ہونے چار سو روپے کی
اکسیر البدن تلف کی گئی

یہ اس اشتہار کی نقل ہے جو ۲۷ جولائی ۱۹۲۹ء کو قادیان کی عام گزرگاہوں پر چسپاں کیا گیا:۔

کارخانہ کی دیانت داری کا ثبوت

"ہم ذرا سا شبہ ہونے پر بھی پبلک کو خراب چیز نہیں دینا چاہتے یہی ہماری ترقی کا راز ہے۔ سٹور میں اکسیر البدن کا کافی سٹاک موجود، مگر ہمیں یہ شبہ ہوا کہ بوجہ ایک سال گزر جانے کے شاید اسکے اثر میں کچھ فرق آ گیا ہو۔ لہذا اس شبہ پر آج ۲۷ جولائی ۱۹۲۹ء کو بوقت ۵ بجے شام دفتر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ کے سامنے چار سو روپیہ کی اکسیر البدن تلف کی جائے گی۔ اگر پبلک چاہے تو اس موقعہ پر تشریف لا کر ہماری صداقت کا امتحان کر سکتی ہے"

آپکا خیر اندیش منیجر نور اینڈ سنز۔ نور بلڈنگ قادیان ۲۷ جولائی ۱۹۲۹ء

نوٹ:۔ یہ مذکورۃ الصدر اشتہار شہر کی عام گزرگاہوں پر ۱۰ بجے صبح چسپاں کیا گیا۔ اور حسب وعدہ ٹھیک ۵ بجے شام دفتر نور اینڈ سنز کے سامنے چار صد روپیہ کی اکسیر البدن تلف کی گئی۔ اس سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ یہ کارخانہ ادویات کے معاملہ میں کس قدر محتاط ہے۔ اور ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ تمام ہندوستان میں شاید کسی کارخانہ میں ایسی احتیاط سے کام لیا جاتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری ساختہ ادویات روز بروز مقبول عام ہو رہی ہیں۔ اور جس نے ایک دفعہ بھی معاملہ کیا۔ وہ ہمیشہ کا گاہک اور اس کارخانہ کا زندہ اشتہار بن گیا۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہمارے ساتھ معاملہ کرنے میں آپکو فی روپیہ سولہ آنے فائدہ ہے!

ہم اپنی ادویات کو لمبے تجربے اور ہر طرح تسلی کے بعد پبلک میں لاتے ہیں۔ مگر پھر بھی کوئی حکیم یا ڈاکٹر یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس کی دوا سو فیصدی مفید ہی ثابت ہے۔ اگر کوئی دوا اسی فیصدی بھی مفید ہے۔ تو وہ اکسیر اعظم سے بھی بڑھ کر ہے۔

مگر ہم ان ۲۰ فیصدی کو بھی نقصان میں نہیں رکھنا چاہتے، اگر خدانخواستہ کسی صاحب کو ہماری کسی دوا سے فائدہ نہ ہو تو جو ہمارے مستقل گاہک ہیں یا جنہیں ہم جانتے ہیں یا جو قابل اعتبار حیثیت رکھتے ہیں، ان کے تو معمولی ارشاد پر کہ ہمیں آپکی دوا سے کچھ فائدہ نہیں ہوا بقیہ دوا واپس لے کر ان کی قیمت فی الفور واپس کر دیجائے گی اور دوسرے اصحاب کی حلفیہ شہادت پر ان کی قیمت واپس ہوگی بشرطیکہ ایسی اطلاع دوا پہنچنے سے دس روز تک دفتر میں پہنچ جائے۔ ہمارے اس پندرہ سال کے کاروبار میں صرف ان چار اصحاب کی (۱) یار محمد صاحب طالب علم سکول تکانی ضلع ڈیرہ غازیخاں کی شکایت پہنچی کہ مجھے فائدہ نہیں ہوا۔ چنانچہ ان کو قیمت بذریعہ منی آرڈر ۳۰/۲۹-۷-۸ فی الفور واپس کر دی گئی۔ (۲) جناب محمد سلطان احمد صاحب ترنگر ضلع اجین ریاست گوالیار کی شکایت آئی۔ ان کی قیمت بھی بذریعہ منی آرڈر ۲۴۹/۱۵-۴-۳ فی الفور بھیجدی گئی (۳) جناب محمد افضل خان صاحب نائب تحصیلدار لدھیانہ کی شکایت پہنچی ان کی قیمت بذریعہ منی آرڈر ۲۴۳۱/۲۵-۲-۳۱ فی الفور واپس کر دی گئی۔ اور اس نیک معاملہ کو دیکھ کر صاحب موصوف نے لکھا کہ آپ نے جس دیانتداری اور امانت کا ثبوت دیا ہے وہ واقعی قابل ہزار تحسین ہے۔

ان حالات کی موجودگی میں آپ اس کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہمارے ساتھ معاملہ کرنے والے کسی صورت میں بھی نقصان میں نہیں رہتے۔ اور تمام ہندوستان میں یہی ایک فرم ہی جو اپنے گاہکوں کو اس قسم کی عملی تسلی دلا سکتی ہے لہذا آپکو بدوں کسی جھجک کے فی الفور آرڈر بھیجنا چاہیئے کیونکہ ہمارے ساتھ معاملہ کرنے میں آپکو ہر طرح فائدہ ہی فائدہ ہے۔ اگر دوائی مفید ہوئی اور انشاءاللہ یقیناً مفید ہوگی۔ تو پھر کہنا ہی کیا ورنہ آپکی قیمت واپس۔ اس سے بڑھکر اور کیا تسلی اور نفع بخش سودا ہو سکتا ہے اور اب تو پبلک کے شدید تقاضہ پر ملک کو وسیع پیمانہ پر فائدہ پہنچانے کے لئے کارخانہ نے ۲۸-۲۹-۳۰ جون ۱۹۳۷ء کے لئے قیمتیں بھی نصف کر دی ہیں۔ لہذا اس نہری موقعہ سے آپکو ضرور فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ نہ صرف خود ہی بلکہ اس زریں موقعہ میں اپنے دوسرے دوستوں کو بھی شامل کیجئے۔ ورنہ بعد میں پھر یہ سنہری موقعہ جلد میسر نہ آ سکے گا۔

آپ کا خیر اندیش

منیجر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

ہمارے ساتھ معاملہ کرنے میں آپکو سو فیصدی فائدہ ہے!

اگرچہ ہماری فرم کا پیکنگ مشہور ہے اور مقامی ڈاکخانہ دوسرے لوگوں کے سامنے ہمارے عمدہ پیکنگ کو بطور نظیر پیش کیا کرتا ہے، باوجود اس احتیاط کے اگر پھر بھی کسی وجہ سے راستہ میں بکس ٹوٹ جائے یا کسی اور سبب سے راستہ میں دوا ضائع ہو جائے۔ تو جو ہمارے مستقل گاہک ہیں یا جنہیں ہم جانتے ہیں یا جو قابل اعتبار حیثیت رکھتے ہیں، ان کے تو معمولی ارشاد پر اور دوسرے اصحاب کی حلفیہ شہادت پر انہیں دوبارہ دوا معہ صرف محصول ڈاک کی ادائیگی پر ارسال خدمت کی جائے گی، بشرطیکہ دوا پہنچنے سے ایک ہفتہ تک ایسی شکایت دفتر میں پہنچ جائے۔ چنانچہ اس چودہ سال کے لمبے عرصہ میں صرف پانچ شکایات (۱) جناب ڈاکٹر فتح الدین صاحب سب اسسٹنٹ سرجن [illegible] ضلع پشاور (۲) جناب جمعدار خیر محمد خان صاحب ایم۔ ٹی۔ ڈپو چکلالہ چھاؤنی (۳) جناب بابو سکندر میر صاحب کلرک جنرل پوسٹ آفس کراچی (۴) جناب سی کھنی احمد صاحب ننگا ڈی [illegible] (۵) جناب حکیم شیخ نور بخش صاحب [illegible] کی آئیں کہ راستہ میں کسی بے احتیاطی کی وجہ سے ادویات صحیح حالت میں نہیں پہنچیں، ان سے صرف محصول ڈاک وصول کر کے بذریعہ رجسٹرڈ پارسل ج ۱۱۰/۸۰-۳-۳ و ۱۳۰/۳۰-۳-۲۸ ، ۷۹۲/۲۵-۱۱-۲۸ وغیرہ فی الفور دوبارہ ان کی خدمت میں ادویہ معہ ارسال کر دی گئیں۔

ان حالات کی موجودگی میں آپ اس کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہمارے ساتھ معاملہ کرنے والے کسی صورت میں بھی نقصان میں نہیں رہتے۔ اگر دوا نے فائدہ نہ کیا پھر بھی ان کی قیمت واپس مل جائے گی۔ اور اگر دوا سالم نہ پہنچے۔ پھر بھی دوا دوبارہ مفت دیجائے گی۔ غرضیکہ گاہکوں کے ہر طرح ہی بارہ میں بلا شبہ تمام ہندوستان میں یہی ایک فرم ہے جو اپنے گاہکوں کیساتھ یہ تسلی بخش معاملہ کرتی ہے۔ اب پبلک کے شدید تقاضہ پر ملک کو وسیع پیمانہ پر فائدہ پہنچانے کے لئے کارخانہ نے ۲۸، ۲۹، ۳۰ جون ۱۹۳۷ء کیلئے قیمتیں بھی نصف کر دی ہیں۔ لہذا دوستوں کو اس نہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہیئے ورنہ پھر ایسا سنہری موقع جلد میسر نہ آ سکے گا لہذا اس زریں موقع سے آپ نہ صرف خود ہی فائدہ اٹھائیے بلکہ اپنے دوسرے دوستوں کو بھی شامل کیجئے۔ ورنہ بعد میں سوائے کف افسوس ملنے کے اور کوئی چارہ نہ ہو گا۔

آپ کا خیر اندیش

منیجر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

خالص ——— اور ——— ارزاں

کستوری، زعفران عنبر، موتی وغیرہ

اصلی چیزیں بہت مشکل سے ملتی ہیں ہم نے بڑی کوشش اور جد و جہد سے یہ چیزیں حاصل کی ہیں۔ پھر نرخ بھی بازار سے بہت سستا، کستوری کشمیری چونتیس روپے تولہ۔ کستوری نیپالی بیس روپے تولہ۔ زعفران درجہ اول ایک روپیہ چودہ آنے تولہ۔ درجہ دوم ایک روپیہ آٹھ آنے تولہ۔ عنبر درجہ اول چھبیس روپے تولہ۔ درجہ دوم بیس روپے تولہ۔ موتی درجہ اول تینتیس روپیہ تولہ۔ درجہ دوم اکیس روپے تولہ۔ یہ نرخ بازاری نرخوں سے بہت ارزاں ہیں اور پھر چیزیں بہت بڑھیا، یقیناً آپ یہ خالص اور سستی چیزیں پا کر بہت خوش ہوں گے۔ اور ہمیشہ کے گاہک بن جائیں گے۔ فی الحال سیمپل تھوڑی مقدار میں منگوایا گیا ہے۔ جن کے آرڈر پہلے آئیں گے انہیں ترجیح دی جائے گی۔

ملنے کا پتہ:—

منیجر نور اینڈ سنز نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایک روپیہ کی چیز آٹھ آنے پر — پبلک کے شدید تقاضہ پر — ایک روپیہ کی چیز آٹھ آنے پر

حیرت انگیز رعایت

یہ کارخانہ پبلک کے شدید تقاضہ کی وجہ سے سال میں دو دفعہ رعایت دیا کرتا ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں اب **۲۸-۲۹-۳۰** جون ۳۷ء کو رعایت کا یہ سنہری موقع دیا جا رہا ہے۔ لہٰذا جو دوست ان تاریخوں پر اپنے خطوط ڈاک خانہ میں ڈالیں گے انہیں **موتی سرمہ۔ اکسیر البدن۔ اکسیر اکبر۔ تریاق اعظم۔ اکسیر معدہ۔ رفیق زندگی۔ موتی دانت پوڈر۔ اکسیر جریان۔ اکسیر بواسیر۔ افیون چھڑاؤ گولیاں۔ قبض کشا گولیاں۔ مچھر پروف۔ اکسیر دمہ۔ اکسیر بچگان۔ تریاق سوزاک۔ پھول بغیر کانٹا۔ طلائے بے نظیر وغیرہ** جو اس کارخانہ کی شہرہ آفاق اور مقبول عام ادویہ ہیں **نصف قیمت** پر دی جائیں گی۔ اگر اس موقع کو دوستوں نے اپنی کسی بے پروائی کی وجہ سے کھو دیا تو پھر ہزار کوشش کرنے پر بھی یہ رعایت نہیں مل سکیگی۔ لہٰذا اس سنہری موقع سے نہ صرف آپ خود ہی فائدہ اٹھائیں بلکہ اپنے دوسرے دوستوں کو بھی شامل کریں!

موتی سرمہ رجسٹرڈ

جو جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر ہے

ضعف بصر۔ ککرے، جلن، پھولا۔ جالا۔ خارش چشم، پانی بہنا۔ دھند۔ غبار۔ پڑبال۔ ناخونہ، گوہانجنی، رتوند، ابتدائی موتیا بند وغیرہ غرضیکہ یہ سرمہ جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔ جو لوگ بچپن اور جوانی میں اس سرمہ کا استعمال رکھتے ہیں وہ بڑھاپے میں اپنی نظر کو جوانوں سے بھی بہتر پاتے ہیں۔ قیمت فی تولہ ڈور والے آٹھ آنے رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے (عہ) محصول ڈاک علاوہ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا خاندان مبارک تو موتی سرمہ کو ہی پسند فرماتا ہے

حضرت میاں بشیر احمد صاحب ایم۔ اے سلمہ اللہ تعالیٰ تحریر فرماتے ہیں کہ "میں اس بات کے اظہار میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ میں نے آپکے موتی سرمہ کو استعمال کر کے بہت مفید پایا۔ گزشتہ دنوں مجھے یہ تکلیف ہوگئی تھی کہ زیادہ مطالعہ یا تصنیف سے دماغ میں بوجھ رہنے کے علاوہ آنکھوں میں سرخی بھی رہتی تھی۔ ان ایام میں میں نے جب بھی آپکے موتی سرمہ کو استعمال کیا مجھے یقینی طور پر فائدہ ہوا۔"

جناب ڈاکٹر محمد ابراہیم صاحب سپرنٹنڈنٹ کنٹونمنٹ فیروزپور چھاونی

سے تحریر فرماتے ہیں کہ "آپ کے موتی سرمہ کی خدا کے فضل و کرم سے فیروزپور میں بڑی دھوم مچ گئی ہے۔ میری آنکھیں مجھے قریباً قریباً جواب ہی دے چکی تھیں۔ خیال تھا کہ مرگہ جا کر آنکھوں کا علاج کراؤں۔ اچانک الفضل پڑھتے پڑھتے آپکے اشتہار پر نظر پڑی، منگوایا، استعمال کیا۔ سرمہ کیا ہے گویا اللہ تعالیٰ کی رحمت کا کرشمہ ہے۔ میں تو کیا جس جس نے بھی استعمال کیا۔ اس کے مسیحائی اثر کو دیکھ کر حیرت میں رہ گیا۔ براہ کرم سات تولہ موتی سرمہ سات شیشیوں میں علیحدہ علیحدہ بذریعہ وی۔ پی جلد بھیج دیجئے۔"

اکسیر البدن دنیا میں ایک ہی مقوی دوا ہے!

جس نے ایک دفعہ استعمال کی وہ ہمیشہ کے لئے گرویدہ ہوگیا!

اگر آپ کی طبیعت پژمردہ۔ چہرہ زرد۔ سر یا کمر میں درد۔ حافظہ کمزور کسی کام پر دل نہ لگتا۔ چلتے وقت دم چڑھ جاتا۔ پنڈلیوں میں درد سی محسوس ہوتی۔ ہاتھ پاؤں پھولتے۔ قوت رجولیت جواب دے چکی ہو۔ تو آپ آج سے ہی اکسیر البدن رجسٹرڈ کا استعمال شروع کر دیں۔ یہ دوا کیا ہے؟

گویا طبی دنیا میں ایک حیرت انگیز انقلاب ہے۔ نامرد کو مرد اور مرد کو جواں مرد بنانا اس دوا پر ختم ہے۔ گردوں کو قوی بنانے، ناگہانی بیماریوں سے محفوظ رکھنے بھوک کے کھولنے، حافظہ کو تیز کرنے، رنگ کو نکھارنے، دل و دماغ کو تقویت دینے پٹھوں کو مضبوط بنانے۔ اور قبل از وقت بالوں کو سفید ہونے سے بچانے۔ طبیعت میں خوشی و نشاط پیدا کرنے، اعضائے رئیسہ و شریفہ کی زائل شدہ قوت کو بحال رکھنے۔ گری ہوئی جوانی کے قیام اور ضعیفی کی حفاظت، چہرہ کو شگفتہ، دماغ کو روشن جسم کو چست و چالاک بنانے۔ گزشتہ امنگوں اور زائل شدہ آرزوؤں کو واپس لانے، اور جوہر حیات جس کے بغیر زندگی وبال ہے کو خاص ترقی دینے کے لئے یہ اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ یہ دوا کیا ہے؟ گویا حیات انسانی کے لئے ایک نادر و نایاب تحفہ ہے، دل میں نئی امنگ، اعضاء میں نئی ترنگ اور دماغ میں نئی جولانی پیدا کرنا بس اسی کا ہی کام ہے مختصر یہ کہ ہر قسم کی بدنی و دماغی کمزوری کیلئے اکسیر ہے۔ علاوہ ان فوائد کے اس کا استعمال ملیریا بخار سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ اور اس سے پیدا شدہ کمزوری کو دور کر کے تنومند بناتا ہے۔ ایک ماہ کی خوراک کی قیمت جس میں ساٹھ گولیاں ہیں پانچ روپے۔ رعائتی قیمت دو روپے آٹھ آنے۔ محصولڈاک علاوہ

ڈاکٹر صاحب کی رائے

جناب ڈاکٹر سید رشید احمد صاحب ایس اے ایس آئی ایم ڈی انڈین ملٹری ہسپتال کلکتہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ میرے ایک دوست نے میری سفارش پر آپکی ایجاد کردہ اکسیر البدن کا استعمال کیا اور انھیں اس اکسیر سے بیحد فائدہ ہوا ہے۔ جس کے لئے میں آپکو مبارکباد دیتا ہوں۔ براہ کرم ایک شیشی اور بذریعہ وی۔ پی جلد بھیجدیں۔"

آپکی ادویہ کے اثرات آپکی مشہورہ تعریف سے بے انتہا بلند ہیں

مکرم جناب ملک شیر محمد خان صاحب رئیس اعظم کوٹ رحمت خاں ڈاکخانہ موضع ضلع شیخوپورہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ "میرے جسم میں جس قدر خطرناک عوارض تھے۔ مثلاً فالج، پسلی کا درد، کمزوری، پیشاب کا جلن سے آنا۔ اکسیر البدن کے ذریعہ ان سب کو آرام آگیا۔ آپ جس دیانت داری سے ادویات تیار کرتے ہیں۔ اس کی اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے آپکی ادویہ کی تعریف جو اشتہاروں میں درج ہے۔ ان کے اثرات اس تعریف سے بے انتہا بلند ہیں۔"

رفیق زندگی

عام طور پر مقوی ادویہ گرم ہوتی ہیں۔ اور گرم مزاج والوں کو بعض اوقات ان کا استعمال مضر بھی بیٹھتا ہے۔ لہذا ایسی طبائع والوں کے لئے ایسی چیز کی ضرورت تھی کہ جو مقوی بھی ہو اور مفرح بھی۔ سو مبارک ہو کہ آخر وہ چیز بھی تیار ہو گئی۔ اس کا نام "رفیق زندگی" ہے۔ یہ ایک نادر تحفہ ہے۔ مفرح دل اور مقوی دماغ، جس سے جوہر حیات کو خاص ترقی ہوتی ہے۔ بیماری یا کثرت کار یا کسی اور وجہ سے جن کے چہرے زرد، بے رونق اور پژمردہ ہو چکے ہوں، دل ہر وقت دھڑکتا، سر چکراتا، آنکھوں میں اندھیر آتا۔ اٹھتے وقت ستارے سے دکھائی دیتے، بے چینی گھبراہٹ سستی، اداسی چھائی رہتی ہو، ذرا سے کام سے دل اکتا جاتا ہو جسم میں سخت کمزوری ہو، ان کے لئے یہ حاد اثر دوا نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اس دوا کا استعمال ایک سال کے لئے کسی دوسری مقوی دوا سے آپ کو بے نیاز کر دے گا۔ قیمت فی شیشی جس میں پندرہ تولہ یعنی ایک ماہ کی خوراک ہے۔ پانچ روپے۔ رعائتی قیمت دو روپے آٹھ آنے (عہ/) محصولڈاک علاوہ

اکسیر اکبر کا معجزہ

ایک اسی سالہ بوڑھے کی آواز

میں باوجود اسی سالہ بوڑھا ہونے کے الحمدللہ! اب جوانوں سے بھی بڑھ کر طاقت محسوس کرتا ہوں، کیوں؟ اسلئے کہ میں گاہے گاہے نور اینڈ سنز کی ساختہ مشہور طاقت کی دوا "اکسیر اکبر" کا استعمال کرتا رہتا ہوں، جو ضعف دل، ضعف دماغ، ضعف اعصاب، ضعف ہاضمہ، ضعف بصر قبل از وقت بالوں کا سفید ہو جانا، دل کی دھڑکن، سر چکرانا، آنکھوں میں اندھیرا آنا، سستی، اداسی، غرضیکہ جملہ کمزوریوں کیلئے تیر بہدف، فرحت اور تازگی بخشنے دل میں نئی امنگ، اعضاء میں نئی ترنگ، دماغ میں نئی جولانی، کمزور کو زور آور، اور زور آور کو شاہ زور، نامرد کو مرد، اور مرد کو جواں مرد بنانے کے لئے اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ جس کی خوبیوں کے

تجربہ کار ڈاکٹر بھی گیت گا رہے ہیں

چنانچہ ڈاکٹر شیر محمد صاحب عالی اسسٹنٹ سرجن فورٹ لاکھارٹ ضلع کوہاٹ سے تحریر فرماتے ہیں کہ "اکسیر اکبر کی ایک ماہ کی خوراک جو آپ سے منگوائی تھی ایک مریض کو جس کی عمر پینتالیس سال سے متجاوز ہو چکی تھی اور جس کو کمزوری تقریباً عرصہ پچیس ۲۵ سال سے تھی، استعمال کرائی گئی۔ استعمال کے بعد حیرت انگیز تبدیلی اس کے جسم میں رونما ہوئی۔ جو سینکڑوں مقوی ادویہ کے کھانے سے بھی آج تک نہ ہوئی تھی، یعنی اکسیر اکبر کے استعمال سے اس کی صحت ایسی ہو گئی، جیسے اٹھارہ سالہ نوجوان کی چڑھتی جوانی کا عالم ہوتا ہے۔"

یہ سونے کے کشتہ، کستوری، عنبر، یوہمبین وغیرہ بیش بہا قیمتی اجزاء کا بہترین مرکب ہے۔ ایک ماہ کی خوراک کی قیمت بیس ۲۰ روپے۔ رعائتی قیمت صرف دس روپے۔ محصولڈاک علاوہ

ضروری اطلاع
خط لکھتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

طلائے بے نظیر

صرف چند روز استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشا دیکھئے، یہ اپنے حیرت انگیز فوائد اور زود اثری کے لئے اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ شکایات مخصوصہ، رگوں کا پھولنا اعصابی کمزوری، جملہ شکایات داخلی و خارجی کا ایک ہی علاج ہے۔ اگر اس کی قیمت دس روپے تولہ بھی رکھی جاتی تو بھی سستا تھا۔ مگر پبلک کے فائدہ اور اپنی چیز کی شہرت کیلئے فی الحال اس کی قیمت بہت ہی کم رکھی جاتی ہے۔ یعنی ایک تولہ کی قیمت صرف دو روپے آٹھ آنے۔ رعایتی قیمت ایک روپیہ چار آنے، محصول ڈاک علاوہ

پھول بغیر کانٹا

اس کے فوائد وہی ہیں جو طلائے بے نظیر کے ہیں۔ ہاں اس میں یہ خوبی ہے کہ باندھنے وغیرہ کی ضرورت نہیں۔ قیمت فی تولہ تین روپے رعایتی ایک روپیہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ اگر طلائے بے نظیر یا پھول بغیر کانٹا کے ساتھ اکسیر البدن یا اکسیر اکبر یا رفیق زندگی کا بھی استعمال ہو تو پھر کیا کہنے، سونے پر سہاگہ ہے۔

تریاقِ اعظم

یہ حیرت انگیز ایجاد واقعی "تریاق اعظم" ہی ہے۔ اس ایک ہی تریاق سے سر سے لیکر پاؤں تک کی جملہ بیماریوں کا علاج کر لیجئے۔ گھر میں اِس تریاقِ اعظم کی موجودگی ڈاکٹروں اور حکیموں کی ضرورت سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ سفر میں آپ کی پاکٹ یا سوٹ کیس میں اس کی ایک شیشی کا ہونا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہسپتال کی جملہ ادویہ آپ کی پاکٹ میں ہیں۔ یہ تریاق اعظم کیا ہے، گویا بنی نوع انسان کے لئے نعمتِ عظمیٰ ہے، اصل قیمت صرف دو روپے چار آنے۔ رعایتی ایک روپیہ دو آنے، محصول ڈاک علاوہ

یہ تریاق اعظم قریباً دو صد بیماریوں میں مفید تسلیم کیا گیا ہے۔ جن کی مختصر فہرست درج ذیل ہے۔ مفصل پرچہ ترکیب استعمال میں ملاحظہ فرمائیے۔

سر درد ہر قسم، کمزوری دماغ۔ زکام۔ مرگی۔ سرسام۔ بے حسی۔ لقوہ۔ فالج۔ خارش دماغ بیہوشی۔ دماغی چوٹ۔ اعصابی درد۔ خواب غفلت۔ بیخوابی۔ ہذیان۔ درد آنکھ۔ گوہانجنی درد کان، کانوں میں کھجلی۔ ورم گوش۔ کرم کان۔ کان کا بہنا۔ امراض ناک۔ ناک میں پھنسیاں۔ بدبوئے ناک۔ بدبوئے دہن۔ چھینکیں۔ سونگھنے کی قوت کا کم ہو جانا۔ نکسیر۔ تپ نزلی درد دانت یا داڑھ۔ مسوڑھوں کا پھولنا و درد۔ کرم دنداں۔ دانتوں سے خون جانا۔ دانتوں کو پانی لگنا۔ منہ میں چھالے۔ منہ کا سوجنا۔ سوج لب۔ سوج زبان۔ پھنسی لب۔ دانتوں کا اسفنجی ہونا (سکروی) دانت نکلنا۔ حلق کا بیٹھ جانا۔ گلے پڑنا۔ سوزش گلو۔ گلے میں کھرکھری۔ کھانسی نزلہ۔ دمہ۔ بلغمی کھانسی، دمہ خشک۔ سل نمونیہ۔ امراض دل درد دل ورم پستان۔ پیٹ درد۔ پیٹ کا پھولنا۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ درد قولنج۔ قراقر معدہ۔ ریح معدہ۔ کیچوا۔ سب اقسام کرم الامعاء۔ پھوڑا معدہ۔ اسہال۔ پیچش۔ جی متلانا۔ قے۔ خون کی قے۔ ورم معدہ۔ قبض دائمی۔ ہچکی۔ بھس۔ ڈکار۔ جہازی بیماری،

یرقان۔ جلندھر۔ درد جگر۔ نفخ جگر۔ استسقا۔ تلی۔ خروج مقعد۔ بھگندر بواسیر۔ سوزش مثانہ۔ درد گردہ و مثانہ۔ جریان۔ نامردی۔ ورم خصیہ۔ باؤ گولہ سر درد زنان۔ پرسوت زنان۔ سیلان الرحم۔ کثرت حیض۔ امراض حمل۔ امراض رحم حیض کا درد سے آنا۔ حیض کا کم آنا۔ تمام درد اندرونی و بیرونی۔ گنٹھیا۔ عرق النساء (رینگن باؤ) درد پشت۔ ہڈیوں کا پھولنا۔ جملہ اقسام بخار۔ انفلوئنزا۔ یعنی جنگی بخار۔ تپ دق۔ پھوڑا۔ پھنسی، زخم۔ ران کا لاسا۔ بت پانی۔ داد۔ چنبل گلٹیاں۔ ورم چوٹ۔ خناز یر دیہیراں) آگ سے جلنا۔ ناسور۔ چھپاکی۔ بجلی سے جھلسنا۔ خارش مسہ۔ داغ خال۔ سوزش۔ کھجلی۔ تہاسہ۔ پسینہ بدبودار۔ بغلگند۔ ہاتھ پاؤں کا پھوٹنا کملا جانا۔ چھیپ۔ چھالے۔ کثرت پسینہ۔ آتشک۔ سوزاک۔ زہردار ڈنگ۔ افیون چھڑوانا تمباکو کا زہر۔ باؤلے کتے کا کاٹنا۔ زہریلی اشیاء کھائی جانا۔ طاعون و امراض بچگان۔ بچوں کا دودھ نہ پینا۔ ڈبہ اطفال۔ خسرہ۔ چیچک۔ ہتن۔ موٹاپا وغیرہ اور بھی کئی ایک امراض کا یہ ایک ہی دوا بہترین علاج ہے۔ مفصل آپ کو پرچہ ترکیب استعمال سے معلوم ہوگا، یہ تریاق اعظم کیا ہے۔ حقیقی معنوں میں بنی نوع انسان کے لئے پیغام شفا ہے۔ آپ کے گھر میں اس کی ایک شیشی کا موجود رہنا گویا اس بات کی گارنٹی ہے کہ آپ ڈاکٹروں اور حکماء کی ضرورت سے بے نیاز ہیں۔

تریاق اعظم کے ذریعہ جاں بلب مریض کو شفا ہوگئی

جناب مسٹر خلیل الرحمن صاحب اپر اپر آنزرہ ہیٹری آگرہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ

"میں نے تریاق اعظم نامی دوا آپ سے منگوائی۔ استعمال کی۔ میں اس کی جس قدر بھی تعریف کروں کم ہے، یہ تریاق ہر ایک بال بچے والے گھر میں موجود رہنا بہت ضروری ہے، میرے پڑوس میں ایک جاں بلب مریض کو اس تریاق سے فوراً شفا ہوگئی۔ اور بھی ایسی مثالیں بیشمار ہیں جن میں آڑے وقت میں یہ تریاق اعظم نہایت مفید ثابت ہوئی۔ آپ نے ایسی دوا ایجاد کر کے مخلوق خدا پر بڑا احسان کیا ہے اگر اسے "زندگی کا رہبر" کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک شیشی کلاں بہت جلد بذریعہ وی۔ پی بھیجکر شکریہ کا موقعہ دیں۔"

اکسیر معدہ

یہ اکسیر جملہ امراض معدہ کیلئے تریاق ہے۔ ہیضہ۔ بدہضمی۔ کمی بھوک۔ درد شکم۔ اپھارہ باؤ گولہ۔ پیٹ کا گڑگڑانا۔ کھٹی ڈکاریں۔ جی کا متلانا۔ جگر و تلی کا بڑھ جانا۔ سر چکرانا۔ کرم شکم، قبض، اسہال، ریاح، کھانسی دمہ کے لئے نہایت مفید ہے، دودھ، گھی، مکھن بالائی۔ انڈے وغیرہ ہضم کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ دماغ، حافظہ، ذہن کو تقویت دیتے کمزور اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بے نظیر ہے قیمت فی شیشی جو کئی ماہ کے لیے کافی ہے۔ دو روپے، رعایتی قیمت صرف ایک روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ

ایڈیٹر صاحب فاروق کی رائے

مکرمی جناب مسٹر قاسم علی صاحب ایڈیٹر فاروق اکسیر معدہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں

ملنے کا پتہ:- منیجر نور اینڈ سنز، نور بلڈنگ، قادیان ضلع

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہ "میں نے جناب سے اکسیر معدہ اپنے ذاتی استعمال کیلئے لی تھی۔ ان دنوں مجھے نفخ شکم۔ اور پیٹ پر ہر وقت نفخ رہنے کی شکایت تھی۔ اس اکسیر کے استعمال سے خدا نے مجھے بہت جلد صحت دی اور میری تمام معدہ اور شکم کی تکلیف رفع ہو گئی۔ اس کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالےٰ آپ کے کاموں میں برکت دے"

موتی دانت پوڈر

حکماء اور ڈاکٹروں کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ گندہ منہ اور میلے دانت جملہ بیماریوں کا گھر ہیں اگر آپ اپنی صحت کو مقدم اور ضروری سمجھتے ہیں تو آج ہی موتی دانت پوڈر کا استعمال شروع کر دیں، جو دانتوں کی کل بیماریوں کو دور کرتا۔ انھیں فولاد کی طرح مضبوط بناتا، موتیوں کی طرح چمکاتا، اور بدبوئے دہن کو دور کر کے پھولوں کی سی مہک پیدا کرتا ہے، گوشت خورہ۔ دانتوں سے خون یا پیپ کا آنا، دانتوں میں میل جمنا۔ یا ان کا رنگ زرد رہنا، اور منہ سے پانی آنا غرضیکہ جملہ امراض دنداں کیلئے یہ موتی دانت پوڈر اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ قیمت دو اونس کی شیشی جو خاصی مدت کے لئے کافی ہے ایک روپیہ رعایتی آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ

ایک لیڈی ڈاکٹر کی رائے

لیڈی ڈاکٹر جناب غلام فاطمہ صاحبہ سب اسسٹنٹ سرجن لدھیانہ سے لکھتی ہیں کہ "مجھے اس کے اظہار میں خوشی ہے کہ آپ کے موتی دانت پوڈر نے مجھے بہت فائدہ دیا۔ براہ کرم ایک شیشی اور بذریعہ وی۔پی بھیجدیں، نیز میری ایک سہیلی کو بھی موتی دانت پوڈر کی ضرورت ہے اور پہلے جو پوڈر آپ سے منگوایا تھا۔ وہ انھوں نے بھی استعمال کیا۔ ان کو بھی اس پوڈر سے بہت فائدہ ہوا۔ اب انھوں نے جلدی چھٹیوں پر کشمیر جانا ہے۔ اور انھوں نے مجھے تاکید کی ہے کہ ان کے لئے ایک شیشی پوڈر مذکور کی منگوا دوں۔ لہٰذا بذریعہ خط ہذا آپ ایک شیشی موتی دانت پوڈر بذریعہ وی پی ان کے پتہ پر جلد بھیج دیں"

اکسیر جریان

اس نامراد موذی مرض سے بڑھ کر اور کوئی خطرناک روگ نہیں، یہ اندر ہی اندر گھن کی طرح انسانی صحت کا ستیاناس کر دیتا ہے۔ سر میں درد۔ چہرہ زرد، طبیعت سرد، ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے، دل اکتایا ہوا، بھوک مری ہوئی، غرضیکہ یہ نامراد بیماری انسان کو زندہ درگور بنا دیتی ہے ہم نے سالہا سال کے تجربہ کے بعد اس موذی مرض سے نجات حاصل کرنے کے لئے ایک مجرب نسخہ ایجاد کیا ہے۔ اگر اس کی قیمت دس روپے بھی رکھی جاتی تو بھی تھوڑی تھی۔ مگر محض پبلک کی ہمدردی کی خاطر اس کی قیمت تین روپے مقرر کی جاتی ہے۔ رعایتی ایک روپیہ آٹھ آنے (ع۸/۱) محصول ڈاک علاوہ

بیس ۲۰ سالہ احتلام جریان اور سستی جاتی رہی

جناب مہدی خاں صاحب مگھال ڈاکخانہ ڈلوال ضلع جہلم سے لکھتے ہیں کہ:-

"جو جناب سے دوا اکسیر جریان منگوائی تھی اس سے اس حد تک فائدہ ہوا کہ ۲۰ سال کے امراض احتلام، جریان، سستی وغیرہ سب جاتے رہے۔ اللہ تعالےٰ اس ایجاد کے لئے آپ کو جزائے خیر دے"

قبض کشا گولیاں

اوّل تو کبھی کبھار کی قبض بھی نہایت تکلیف دہ ہوتی ہے۔ پھر دائمی قبض سے تو خدا کی پناہ اگر آپ کا معدہ صاف ہے تو سمجھو کہ آپ تندرستی کی گود میں کھیل رہے ہیں۔ ورنہ یہ امر مسلمہ ہے کہ قبض سب بیماریوں کی ماں ہے۔ ایک دن گھر کا پاخانہ صاف نہ ہو تو تمام گھر کی فضا اس قدر خراب ہو جاتی ہے کہ ناک میں دم آ جاتا ہے یہی حال آپ معدہ کا سمجھئے۔ اگر ایک روز بھی کھل کر اجابت نہ ہو تو تمام معدہ متعفن ہو جاتا ہے۔ اور متعفن معدہ ہی ہر ایک بیماری کی جڑ ہے۔ قبض کشا گولیاں کیا ہیں۔ گویا معدہ کی جھاڑو ہیں۔ ان کا دائمی استعمال سمجھو کہ صحت کا بیمہ ہے۔ ایک سَو گولی کی قیمت دو روپے رعایتی قیمت ایک روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ

اکسیر بواسیر

سچ پوچھو تو نوّے فیصدی لوگ اس موذی مرض میں مبتلا ہیں۔ یہ نامراد مرض انسان کا خون نچوڑ کر اسے ہڈیوں کا پنجر اور زندہ درگور بنا کر زندگی تلخ کر دیتی ہے۔ اس کی مصیبت کو کچھ وہی بہتر سمجھ سکتا ہے، جسے بدقسمتی سے اس موذی مرض سے سابقہ پڑا ہو ہماری یہ اکسیر اس موذی مرض کو خواہ یہ کیسی قسم کا ہو، خدا کے کرم سے زیادہ سے زیادہ چودہ روز کے استعمال سے جڑھ سے اکھاڑ کر نیست و نابود کر دیتی ہے۔ قیمت تین روپے رعایتی ایک روپیہ آٹھ آنے (ع۸/۱) محصول ڈاک علاوہ

تین شیشی اور بھیجے

جناب بابو محمد سالم اکبر صاحب ہیڈ کلرک اچھا پور نواب گنج سے تحریر فرماتے ہیں کہ "میں نے اپنے ایک دوست کے لئے پہلے بھی آپ سے اکسیر بواسیر نامی دوا منگوائی تھی، جس سے وہ دوست ایک سال تک بالکل اچھے رہے۔ اب اور مریضوں نے بھی خواہش ظاہر کی ہے۔ لہٰذا بذریعہ خط ہذا تین شیشی اکسیر بواسیر اور بذریعہ وی۔پی بھیجکر شکریہ کا موقعہ دیجئے"

تریاقِ سوزاک

یہ نامراد مرض درحقیقت شیروں کو بزدل، جوانمردوں کو زندہ درگور بنانے والا ہے۔ پیشاب کا جل کر آنا۔ جس میں پیپ کا اخراج ہو، پیشاب کی نالی میں زخم کی وجہ سے درد کے ساتھ تڑپنے اور بلکتے مریضوں کے لئے ہماری یہ دوا "تریاق سوزاک" پیغام شفا ہے اس کی پہلی خوراک ہی سے درد، جلن اور سوزش دور ہو کر ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے اور مریض جملہ شکایات سے نجات پا کر راحت محسوس کرتا ہے۔ باقی خوراکوں سے باقی ماندہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نقائص دور ہو کر انسان جوانمرد، تندرست اور قابل اولاد ہو جاتا ہے، دنیا مان گئی ہے کہ تریاق سوزاک" سوزاک کے لئے بہترین اور سریع الاثر دوا ہے۔ قیمت پانچ روپے۔ رعائتی قیمت دو روپے آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ

افیون چھڑاؤ گولیاں

افیون بہت بڑی بلا ہے، علاوہ روپے کے نقصان کے یہ انسانی صحت کا بھی ستیاناس کر دیتی ہے، بدقسمتی سے جسے اس کی عادت پڑ جائے۔ پھر اس کا چھوٹنا بہت مشکل ہو جاتا ہے، ہماری یہ گولیاں انشاء اللہ بہت جلد اس بلا سے نجات دلا دیں گی۔ قیمت یکصد گولی دو روپے۔ رعائتی قیمت ایک روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ۔

بیس٢٠ سالہ افیون کھانے کی وبا سے نجات مل گئی

مکرم جناب نور احمد خان صاحب گورنمنٹ کنٹریکٹر سانبھر لیک

تحریر فرماتے ہیں کہ "آپکی مرسلہ افیون چھڑاؤ گولیاں ایک شخص کو استعمال کرائی گئیں۔ یہ صاحب بیس سال سے افیون کھانے کی وبا میں مبتلا تھے۔ ان کا افیون کھانا قریباً قریباً چھوٹ گیا ہے۔ گولیاں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ تھوڑی گولیوں کی اور ضرورت ہے۔ لہذا یکصد گولیاں بدیں خط ہذا بھیج دیجئے"

مچھر پروف

جب انسان رات کو میٹھی نیند سو رہا ہو تو اس وقت مچھروں کے کاٹنے سے جو بے چینی ہوتی ہے وہ کسی تشریح کی محتاج نہیں۔ پھر اس کے کاٹنے سے انسان ملیریا بخار جیسے موذی روگ میں جو انسان کو زندہ درگور بنا دیتا ہے۔ مبتلا ہو جاتا ہے اس کے لئے ہم نے ایک ایسی دوا ایجاد کی ہے۔ جس کی بو سے مچھر اس طرح بھاگتا ہے جس طرح لاحول سے شیطان۔ اس کے چند قطرے بدن پر مل لیجئے۔ اور بے کھٹکے میٹھی نیند آرام کیجئے دو اونس کی شیشی جو خاصی مدت کے لئے کافی ہے قیمت ایک روپیہ چار آنے۔ رعائتی قیمت صرف دس آنے۔ محصول ڈاک علاوہ

اکسیر دمہ

اگرچہ بیماری تو ہر ایک ہی تکلیف دہ ہے۔ مگر مرض دمہ سے تو خدا کی پناہ۔ کیونکہ یہ ایسا نامراد مرض ہے کہ اس کی وجہ سے نہ اٹھتے نہ بیٹھتے نہ سوتے نہ جاگتے نہ چلتے نہ پھرتے حتی کہ انسان کو کسی پہلو بھی چین نہیں آتا۔ پھر اس کے متعلق عام طور پر یہ مشہور ہے کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے۔ خداوند تعالیٰ ہر فرد کو اس موذی مرض سے بچائے ہم نے سالہا سال کی محنت شاقہ اور وسیع تجربہ کے بعد اکسیر دمہ نامی دوا تیار کی ہے جو انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں خدا کے کرم سے اس ظالم مرض سے چھٹکارا کرا دیتی ہے، قیمت تین روپے۔ رعائتی ایک روپیہ آٹھ آنے محصول ڈاک علاوہ۔

اکسیر بچگاں

یہ دوا چھوٹے بچوں کے لئے واقعی اکسیر ہی ہے، اسی لئے اس کا نام "اکسیر بچگاں" رکھا گیا ہے۔ اسہال ہر قسم۔ پیچش اور بچوں کے سوکھا پن وغیرہ کے لئے یہ دوا بفضل ایزدی تیر بہدف ہے۔ سبز رنگ کے اسہال اور سوکھا پن وغیرہ سے اکثر بچے ضائع ہو جاتے ہیں۔ یہ دوا ان عوارض کے لئے تریاق ہے۔ اور پھر بڑی عمر والوں کے لئے بھی اسہال پیچش وغیرہ میں یہ بہت مفید ہے۔ قیمت فی شیشی دو روپے رعائتی قیمت ایک روپیہ، محصول ڈاک علاوہ۔

بال اُڑانے کی خوشبودار دوائی

اس خوشبودار دوائی کو پانی میں گھول کر لگانے سے ایک منٹ کے اندر اندر سخت سے سخت اور نرم سے نرم جگہ کے بال بہ صفائی کمال جڑ سے دور ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی شیشی آٹھ آنے۔ رعائتی صرف چار آنے۔ محصول ڈاک علاوہ

رعایت پر رعایت!

جس صاحب کا آرڈر بعد از منہائی رعائتی قیمت کم از کم بیس٢٠ روپے کا ہوگا انھیں محصول ڈاک بھی معاف رہے گا۔ اور ایک سال کے لئے نور کا پرچہ بھی مفت!

غیر ممالک کے لئے

غیر ممالک میں ڈاک دیر سے پہنچتی ہے ان کے لئے بجائے ۲۸-۲۹-۳۰ جون ۱۹۳۷ء کے ۲۸-۲۹-۳۰ جولائی کی تاریخیں مقرر کی جاتی ہیں۔ کیونکہ غیر ممالک میں وی پی نہیں جا سکتا۔ اسلئے غیر ممالک کے خریداران صاحبان کو اپنے آرڈر کے ساتھ علاوہ قیمت کے محصول ڈاک فی پونڈ ایک روپیہ بارہ آنے (۱۲/۱) کے حساب سے پیشگی روانہ کرنا ہوگا۔ غیر ممالک کے لئے بعد از منہائی رعائتی قیمت جس صاحب کا آرڈر چالیس روپے کا ہوگا۔ انھیں محصول ڈاک معاف رہے گا۔ اب برہما بھی غیر ممالک میں ہی شامل ہے۔

بصورت عدم فائدہ قیمت واپس

جس صاحب کو خدانخواستہ ہماری دوا سے فائدہ نہ ہو۔ ان کی قیمت واپس کر دی جائے گی۔ اس کے متعلق مفصل تشریح اسی اخبار کے صلا پر ملاحظہ فرمایئے۔

دوبارہ دوائی مفت بھیجی جاتی ہے

اگرچہ کارخانہ اپنی طرف سے دوائی کی روانگی میں بڑی احتیاط سے کام لیتا ہے اور اس کارخانہ کا یگانگت مشہور ہے۔ مگر پھر بھی کسی وجہ سے کسی صاحب کو خدانخواستہ دوا صحیح حالت میں نہ پہنچے تو انہیں دوبارہ دوا مفت بھیجی جاتی ہے اس کی مفصل تشریح اسی اخبار کے صلا پر ملاحظہ کیجئے غرضیکہ اس کارخانہ کے ساتھ معاملہ کرنے والے احباب کسی صورت میں بھی نقصان میں نہیں رہتے۔

ملنے کا پتہ

منیجر نور اینڈ سنز۔ نور بلڈنگ قادیان، ضلع گورداسپور پنجاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

علمی لوٹ

آٹھ کتب کا سٹ بجائے پانچ روپے ایک آنہ کے صرف دو روپے چار آنے ۲؍ر

بابا نانک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب

یہ وہ جامع کتاب ہے جس میں ہندوؤں کے کل عقائد (۱) وید سمرتی پران (۲) چھوت چھات (۳) تیرتھ یاترا (۴) جنیو (۵) مورتی پوجا (۶) سوتک (۷) اوتار (۸) گئو پوجا (۹) مردے کا جلانا (۱۰) ذبیحہ یا جھٹکا (۱۱) تناسخ (۱۲) سکھوں کے پانچ ککے ـ شری گرنتھ صاحب اور حضرت بابا نانک رح کے اقوال سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت موصوف نے ان عقائد کی تردید کی ہے - اور انکے خلاف مسلمانوں کے عقائد کے گورو صاحب دل و جان سے مؤید تھے - مثلاً کلمہ طیبہ (۲) نماز روزہ (۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (۴) حج کعبہ (۵) قبلہ پر ایمان (۶) عقیدہ ملائکہ (۷) قرآن مجید پر ایمان (۸) صوفیائے کرام اور حضرت بابا نانک (۹) حضرت بابا نانک کے اقوال کا ماخذ قرآن مجید ہے - پھر آخر پر اس کتاب میں نہایت مدلل و مبسوط مضمون تاریخی نقطۂ خیال سے درج کر جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ شاہان اسلام گورو صاحبان کے ہمیشہ حامی و مددگار رہے اور سکھوں کے پسینہ کی جگہ انھوں نے اپنا خون بہایا، اس کتاب کے متعلق ہندوستان کے بیسیوں چوٹی کے اخبارات نے زبردست ریویو میں یہ اظہار کیا ہے کہ سکھوں اور ہندوؤں میں تبلیغ کیلئے یہ بے نظیر کتاب ہے -

قیمت ایک روپیہ بارہ آنے محصول ڈاک علاوہ

مسلمانوں کے احسان سکھوں پر

مضمون نام سے ظاہر ہے - اس میں سکھوں کی مسلمہ کتب سے یہ ثابت کیا گیا ہے - کہ گزشتہ زمانہ میں مسلمان سکھوں کے ہر آڑے وقت میں کام آتے رہے ہیں - سکھ گوروؤں کے پسینہ کی جگہ مسلمانوں نے اپنا خون بہایا - سکھ گوروؤں کی طرف سے مسلمان ہر مشکل میں سینہ سپر ہوئے - یہ رسالہ اس قدر مقبول ہوا کہ اس کے قیمتی مضمون کو بعض سکھ اخبارات نے بھی فخریہ شائع کیا - ضرورت ہے کہ ایسا رسالہ نہایت وسیع پیمانہ پر شائع ہو - تاکہ ہمارے سکھ بھائی اپنے دوست و دشمن کو بہتر سمجھ سکیں قیمت پانچ آنے - محصول ڈاک علاوہ اس کی دفتر میں صرف پانچ کاپیاں ہی باقی ہیں -

سکھ اور مسلمان

یہ جناب ایڈیٹر صاحب اخبار نور کا وہ لیکچر ہے جو گزشتہ سے پیوستہ سال مرکزی سالانہ جلسہ پر دیا گیا - اور پھر دوستوں کے اصرار پر کتابی صورت میں شائع کیا گیا - یہ لیکچر اسقدر مقبول عام ہوا کہ اس کا پہلا ایڈیشن جو دو ہزار چھپا تھا ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا - اب دوسرا ایڈیشن مزید اضافہ سے چھاپا گیا ہے - سکھوں میں تبلیغ کے لئے بہترین تحفہ ہے -

قیمت فی کاپی آٹھ آنے محصول ڈاک علاوہ

سکھ مسلم اتحاد

یہ جناب ایڈیٹر صاحب موصوف کا وہ لیکچر ہے جو انجمن حمایت اسلام لاہور کے سالانہ جلسہ پر دیا گیا جسے حاضرین نے خاص اشتیاق سے سُنا اب دوستوں کے اصرار پر یہ رسالہ کی صورت میں شائع کیا گیا ہے - اس رسالہ میں از روئے گرنتھ اور دیگر تاریخی کتب سے یہ ثابت کیا گیا ہے - کہ سکھوں کا اگر مضبوط قوموں پر اتحاد ہو سکتا ہے تو مسلمانوں سے ہی - سکھ دوستوں کو دینے کے لئے بے نظیر تحفہ ہے قیمت صرف ۳ آنے - محصول ڈاک علاوہ -

ہندو دھرم کی حقیقت

یعنی سناتن دھرم پر ایک تنقیدی نظر - آج تک مسلمانوں کی طرف سے اس مذہب کے متعلق بہت ہی کم لٹریچر مہیا کیا گیا ہے - اس لئے اس قابل قدر کتاب نے ایک بڑی بھاری ضرورت کو پورا کیا ہے - اس معرکۃ الآرا کتاب میں [illegible] مضامین ہیں :- (۱) ویدوں کی حقیقت (۲) کیا وید الہامی ہیں (۳) ہندوؤں کا مسئلہ اوتار (۴) اوتاروں کی تقسیم (۵) ست جگ کے اوتار (۶) ایشور مچھلی کے روپ میں (۷) ایشور کچھوے کے روپ میں (۸) ایشور سؤر کے روپ میں - (۹) ایشور باونے کے روپ میں (۱۰) ایشور کلہاڑے والے کے روپ میں (۱۱) رام اوتار (۱۲) دواپر جگ کے اوتار (۱۳) کرشن اوتار (۱۴) بدھ اوتار (۱۵) ضرورت اسلام پر سوامی دیانند کی گواہی وغیرہ وغیرہ

گویا ہندوؤں کی وہ کتب جو ہزارہا اوراق پر پھیلی ہوئی ہیں - اور آج تک ان کتب میں درج شدہ مضامین کی بھنک تک بھی مسلمانوں کے کانوں میں نہ پڑی تھی - یہ ان جملہ کتب کا نچوڑ ہے -

قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے - محصول ڈاک علاوہ - اس کی صرف سات کاپیاں ہی باقی رہ گئی ہیں -

آریہ مذہب کی حقیقت

مارچ ۲۳ء میں جبکہ آریوں کی طرف سے راجپوتانہ میں ملکانہ ارتداد کی وبا کی آندھی چلی تھی اُس وقت یہ کتاب اس ارتداد کی وبا کو روکنے کے لئے بہترین تریاق ثابت ہوئی تھی اس کی تاثیر اور مقبولیت کا آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مسلم آؤٹ لک - زمیندار سیاست وغیرہ نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ آج تک جس قدر کتب اس موضوع پر لکھی گئی ہیں - یہ ان سب پر فائق ہے - مجھ سے اجازت لے کر بعض دوستوں نے سندھی اور گجراتی میں بھی ترجمہ کیا - اب مزید اضافہ کے ساتھ چھپ گئی ہے - پہلے حجم ۸۰ صفحات تھا، اب ۱۰۸ ہے - کاغذ لکھائی چھپائی سب اعلیٰ ہے -

قیمت غیر مجلد چھ آنے جو تقریباً اصل لاگت ہے - ضرورت ہے کہ اس مجرب تبلیغی حربہ کی اشاعت نہایت ہی وسیع پیمانہ پر ہو - اس لئے اس کی قیمت اصل لاگت ہی رکھی گئی ہے ،

گائے اور سکھ دھرم

قیمت ایک آنہ (۱؍ر)

گورو کی بانی (گورمکھی میں)

قیمت ایک آنہ (۱؍ر)

یہ آٹھ کتب جن کی قیمت پانچ روپے ایک آنہ ہوتی ہے - اکٹھا سٹ کی صورت میں خریدنے پر صرف دو روپے چار آنے (۲؍ر) محصول ڈاک دس آنے علاوہ -

ملنے کا پتہ :- منیجر اخبار نور نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

(... [illegible] پرنٹر [illegible] قادیان [illegible] شائع کیا)